Maulana Azad National Urdu University

M.A. (Urdu)

I - Semester Examination November/December - 2015

Paper : 4 - Dastan

چوتھا پرچہ : داستان

Total Marks : 70 **Time : 3 hours**

حصہ الف

تمام سوالات لازمی ہیں۔ ہر سوال کے چار جوابات دیے گئے ہیں۔صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے۔ 1x10=10

1۔ تیسرا درویش کس ملک کے بادشاہ کا بیٹا تھا؟

(الف) یمن (ب) فارس (ج) عجم (د) چین

2۔ انشا کس بادشاہ کے زمانے میں لکھنؤ پہنچے۔

(الف) شجاع الدولہ (ب) آصف الدولہ (ج) سعادت علی خاں (د) واجد علی شاہ

3۔ ملا وجہی کو ''اردو انشائیہ کا باوا آدم'' کس نے کہا ہے؟

(الف) جاوید وشسٹ (ب) سیدہ جعفر (ج) ڈاکٹر زور (د) محمد حسین آزاد

4۔ ''سب رس'' کی تلاش کس محقق نے کی ہے؟

(الف) حافظ محمد شیرانی (ب) مولوی عبدالحق (ج) امتیاز علی عرشی (د) قاضی عبدالودود

5۔ ''داستان کہانی کی طویل اور پیچیدہ بھاری بھرکم صورت ہے'' یہ کس نے کہا ہے؟

(الف) گیان چند جین (ب) خواجہ احسن فاروقی (ج) نورالحسن نقوی (د) کلیم الدین احمد

6۔ ''نوطرز مرصع'' کس صدی کی داستان ہے؟

(الف) اٹھارہویں صدی (ب) انیسویں صدی (ج) بیسویں صدی (د) اکیسویں صدی

7۔ ''اردو فکشن'' کے مصنف کا نام بتایئے۔

(الف) سہیل احمد بخاری (ب) وقار عظیم (ج) عبیدہ بیگم (د) آل احمد سرور

8۔ ''باغ و بہار'' اور ''نوطرز مرصع'' کا آپس میں کیا رشتہ ہے؟

(الف) باغ و بہار نوطرز مرصع سے ماخوذ ہے (ب) دونوں کے مصنفین ایک ہیں

(ج) دونوں کتابیں دہلوی زبان کا نمونہ ہیں (د) دونوں کتابیں فورٹ ولیم کالج میں لکھی گئیں

9۔ ان میں سے کس کا تعلق فورٹ ولیم کالج سے نہیں تھا؟

(الف) جان جیکب (ب) جان گل کرائسٹ (ج) کپتان جوزف ٹیلر (د) ٹامس روبک

10۔ غیر منقوطہ نثر میں کون سے قصہ لکھا گیا؟

(الف) الف لیلیٰ (ب) داستان امیر حمزہ (ج) سلک گوہر (د) بوستانِ خیال

P.T.O.

حصہ ب

مندرجہ ذیل سوالوں میں سے کوئی پانچ کے جوابات مطلوب ہیں۔ جو صرف دو سو (200) لفظوں پر مشتمل ہو۔ 6 x 5 = 30

1۔ عہد حاضر میں داستان کی معنویت پر روشنی ڈالیے۔

2۔ کیا رانی کیتکی کی کہانی عربی و فارسی زبان سے عاری ہے؟ مثالوں سے سمجھائیے۔

3۔ سب رس کے حوالے سے دکنی زبان کی خصوصیات پر روشنی ڈالیے۔

4۔ داستان گوئی کے زوال کے اسباب بیان کیجیے۔

5۔ داستانوں کے کسی ایک کردار کا تنقیدی تجزیہ پیش کیجیے۔

6۔ رجب علی سرور کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ وضاحت کیجیے۔

7۔ داستانوں کی ان خصوصیات کی وضاحت کیجیے جن کے سبب وہ دیگر نثری اصناف سے منفرد ہوتی ہیں؟

8۔ حسب ذیل میں سے کسی دو پر نوٹ تحریر کیجیے۔

(الف) پرانوں کی کہانیاں (ب) جاتکا کہانیاں (ج) حکایات (د) فورٹ ولیم کالج

حصہ (ج)

مندرجہ ذیل سوالوں میں سے کوئی دو کے جوابات کم سے کم ایک ہزار (1000) الفاظ میں لکھیے۔ 15 x 2 = 30

1۔ فسانہ عجائب میں لکھنوی تہذیب و معاشرے کی عکاسی ملتی ہے۔ مثالوں سے واضح کیجیے۔

2۔ داستان کی روایت سے متعلق اپنی معلومات کا اظہار کیجیے۔

3۔ ''سب رس ایک تمثیلی داستان ہے'' اس کی روشنی میں اس تصنیف کے مقام و مرتبے کا تعین کیجیے۔

4۔ باغ و بہار کا قصہ ''سیر دوسرے درویش کی'' پر تنقید کیجیے۔

☆☆☆